# ٹیچرز گائیڈ

تحریر: ناہید حسن

کلاس 2 کے لئے



## ٹیچر کے لئے نوٹ

- یہ ٹیچرز گائیڈ دوسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس گائیڈ میں دیئے گئے کام اور سرگرمیاں محض ایک مشورہ ہیں۔ اساتذہ اپنے اسکول کے ماحول اور بچوں کی ذہنی صلاحیت کے مطابق اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔
- اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ پڑھانے کا طریقۂ کار ایسا ہو کہ بچوں کی دلچسپی نہ صرف قائم رہے بلکہ اس میں اضافہ بھی ہو۔ اس کتاب کو سال کے بالکل شروع میں پڑھائیں تاکہ پہلی جماعت میں کئے گئے کاموں کی دہرائی ہو جائے۔ حروف کی لکھائی کے لئے ایک pattern دیا جا رہا ہے۔ جس میں لائن کے اوپر اور نیچے حروف لکھنے کا طریقہ دکھایا گیا ہے۔ ٹیچر حروف کی لکھائی شروع سے اسی طرح کروائیں۔

## سیشن 1

25 منٹ

- بچوں کی تعداد کے مطابق کتابیں لائیں اور بچوں میں بانٹ دیں۔ ٹیچر کہانی صفحہ 1-11 تک پڑھ کر بچوں کو سنائیں۔ پڑھائی کے بعد صفحہ 1-11 پر مبنی بچوں کو دکھائیں اور سوالات کریں تصویریں دکھا کر جواب پوچھیں۔

### بات چیت اور زبانی سوال جواب

- کیا آپ لوگ چھپن چھپائی کھیلتے ہیں؟ پہلے صفحے پر ''ن کا نقطہ'' کہاں چھپا ہے؟ اسی طرح صفحہ 11 تک تصویریں دکھا کر نقطہ تلاش کریں۔

آخر میں بچوں سے پوچھیں کہ وہ کون سی چیزیں ہیں جو ہم دوستوں کے ساتھ بانٹ سکتے ہیں۔ (مثلاً اپنی پنسلیں، کتابیں، کھلونے، کھانا) پھر پوچھیں کہ وہ کون سی چیزیں ہیں جو ہم نہیں بانٹ سکتے۔ (undergarments، hair brush، tooth brush، چشمہ وغیرہ)۔ کلاس میں موجود ہر بچے کو تصویریں دیکھنے اور جواب دینے کا موقع دیں۔

### لکھائی کا کام

20 منٹ

- بچے خالی جگہ پر کرنے کا کام کوپی میں کریں۔ ٹیچر ا سے ے تک حروف اس طرح لکھیں۔

ا ______ پ ت ______ ث

# سیشن 2

## تیاری

- ٹیچر حروف تہجی کے فلیش کارڈز تیار کریں (کارڈ کا مناسب سائز "4 چوڑا اور "2.5 لمبا ہوتا ہے)۔

## بات چیت

15 منٹ
- کلاس میں آنے کے بعد ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کل جو کہانی سنائی تھی وہ ان کو کیسی لگی؟ اگر ان کی کوئی چیز گم ہو جاتی ہے تو وہ کہاں ڈھونڈتے ہیں؟ اور کن لوگوں سے اس چیز کے بارے میں پوچھتے ہیں؟ چلیں ہم آگے اور دوسرے صفحات پر دیکھتے ہیں کہ 'ن' اپنا نقطہ تلاش کرنے اور کن حروف کے پاس گیا۔ صفحہ 12 سے 20 تک پڑھیں اور ترتیب وار صفحات کے مطابق تصویروں کو دکھائیں اور سوالات کریں۔

15 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ 'ن' کا نقطہ گم ہو گیا ہے مگر دوسرے کون سے حروف ہیں جن پر نقطے ہیں؟ بچے جو حروف بتاتے جائیں ٹیچر ان حروف کی لکھائی بورڈ پر کرتی جائیں۔

(ب پ ت ث ج چ خ ذ ز ژ ش ض ظ غ ف ق ن)

## لکھائی کا کام

- بچے کوپی نکالیں اور نقطے والے حروف کوپی میں لکھیں۔

10 منٹ
- آخر میں ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ان میں سے زیادہ حروف پر سے اگر ہم نقطے ہٹا دیں تو ان کے نام اور آواز بدل جائیں گی۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان سارے حروف میں ایک ایسا حرف بھی ہے جس پر اگر نقطہ نہ ہو تو وہ حرف استعمال کے قابل نہیں رہے گا (ا ب کا حرف نہیں رہے گا)۔

## سرگرمی

ٹیچر بلیک بورڈ پر بغیر نقطے والے کچھ حروف لکھیں اور پھر باری باری ان پر نقطے لگا کر بچوں سے دونوں آوازیں پڑھوائیں۔ حروف کے بدلے ہوئے نام بھی پوچھیں۔

## گھر کا کام

- کہانی ''ن کا نقطہ'' صفحہ 1-5 تک امی کی مدد سے پڑھیں۔ کوپی میں بغیر نقطے والے حروف لکھ کر لائیں۔ 5 منٹ

# سیشن 3

## سرگرمی


- ٹیچر کلاس میں treasure hunt کھیلنے کا انتظام کریں۔ 45 منٹ

کسی گتے کے ڈبے میں کاغذ کی کترنیں ڈال کر ان کے بیچ میں پرچوں پر لکھے ہوئے حروف ڈالیں۔ باری باری ہر ایک میز سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ بچہ اس ڈبے میں سے کوئی حرف تلاش کر کے نکالے۔

حرف پہچان کر پڑھے اور اس حرف سے شروع ہونے والا کوئی لفظ بتائے۔

ٹیچر بچے کا بتایا ہوا لفظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔

اگر وقت باقی ہو تو آخر میں ان الفاظ کی پڑھائی بورڈ سے کر وائیں۔




## گھر کا کام

حروف لکھیں۔

- یہ کام کوپی کے بجائے اس طرح کی ورک شیٹ بنا کر وائیں۔

# سیشن 4

## نوٹ

- بچوں کی دلچسپی میں اضافہ اور حروف کی پہچان میں مزید آسانی کے لئے اس سیشن میں حروف کو ان کی شکل کے لحاظ سے الگ کر کے کشتی والے حروف پر کام کر وایا جائے گا۔

## تیاری

- ٹیچر چارٹ پیپر کی ایک بڑی کشتی بنائیں اور اس پر کشتی والے حروف کی لکھائی کریں۔
کشتی والے حروف: ب۔ پ۔ ت۔ ٹ۔ ث۔ ف۔ ک۔ گ۔

## پڑھائی

20 منٹ

- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ آج ہم لوگ کشتی کی شکل والے حروف پڑھیں گے۔
- ٹیچر کشتی سوفٹ بورڈ پر لگائیں اور سارے کشتی والے حروف پڑھائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان حروف کی شکل کشتی جیسی ہے کہ نہیں؟ ان حروف سے شروع ہونے والے مختلف الفاظ بھی پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بعد میں بچے کوپی میں اتاریں۔

## لکھائی


20 منٹ

- کتاب 'ن' کا نقطہ میں سے کوئی پانچ ایسے الفاظ بورڈ پر لکھیں جو کشتی والے کسی حرف سے شروع ہو رہے ہیں۔ (مثلاً بہت۔ پریشان۔ کہاں۔ گھر۔ بستر۔) بچے ان الفاظ کو پہلے جوڑ کر پھر توڑ کر کوپی میں کریں۔ بہت = ب + ہ + ت

## گھر کا کام

5 منٹ

- اپنی کاپی میں ایک بڑی کشتی بنائیں اور اس میں کشتی والے حروف لکھیں۔ ہر ایک حرف کے مطابق کوئی ایک لفظ لکھیں۔



# سیشن 5

## پڑھائی اور لکھائی

25 منٹ

- آج سوفٹ بورڈ پر vowels لگائیں (ا و ی ے) اور بچوں سے پڑھوائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم مختلف حروف کو ان vowel کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے اور بعد میں کوپی میں لکھیں گے۔ ٹیچر بورڈ پر مختلف حروف کے ساتھ آوازیں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ بعد میں بچے کوپی نکالیں اور لکھیں۔ مثلاً

ا و ی ے

با بو بی بے

جا جو جی جے

را رو ری رے

کا کو کی کے

20 منٹ

- بچوں سے الگ الگ پڑھائی کر وائیں۔ آج وہ بچے ضرور پڑھیں جنہوں نے پہلے نہیں پڑھا ہے۔ اگر پڑھنے میں دقت ہو تو ٹیچر مستقل مدد کریں۔

## گھر کا کام

- vowel پڑھ کر آوازیں لکھیں۔ جیسے

ا و ی ے

پا پو پی پے

سا

ڈا

گا

لا

# سیشن 6

## پڑھائی اور بات چیت

15 منٹ

- چھ سے آٹھ بچوں سے کہانی کی پڑھائی کر وائیں ان بچوں سے پڑھوانے کی کوشش کریں جو آسانی سے پڑھ

لیتے ہیں۔

10 منٹ
- اب ٹیچر بچوں سے زبانی سوال و جواب پوچھیں۔
- ن کیوں پریشان تھا؟
- ب کہاں سو رہا تھا؟
- ث کا ایک نقطہ غائب ہو جائے تو وہ کیا بن جائے گا؟
- وہ کون سے حروف تھے جو مکے چلا کر لڑ رہے تھے؟
- بغیر نقطے کے ن پر کون سے حروف ہنس رہے تھے؟

## لکھائی

20 منٹ
- ٹیچر کوئی تین سوالات بورڈ پر لکھیں۔ بچے کوپی اور کتاب کھولیں اور ان سوالوں کے جواب تلاش کر کے لکھیں اور تصویریں بنائیں۔

## گھر کا کام

- املا کے لئے الفاظ یاد کریں۔

کہاں۔ ورزش۔ جواب۔ بستر۔ جگایا۔ کروٹ۔ لالچ۔ بھاگ۔ ٹکراتے۔ منہ۔

# سیشن 7

املا

20 منٹ
- ٹیچر پہلے املا لیں۔ بعد میں بچوں سے کہیں کہ وہ آپس میں کوپیاں تبدیل کر لیں اور ٹیچر املے کے الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے بورڈ سے دیکھ کر اپنے ساتھی کی کوپی چیک کریں۔

## کہانی سنانے کا فن

25 منٹ
- آج ٹیچر آٹھ سے دس بچوں سے کہیں کہ وہ کہانی ''ن کا نقطہ'' اپنے الفاظ میں ترتیب وار صفحات کے مطابق سنائیں۔ ٹیچر کہانی سنانے میں بچوں کی مدد کریں۔

## گھر کا کام

- صفحہ 14 سے 16 تک پڑھ کر آئیں یا امی ابو سے کہیں کہ وہ پڑھ کر سنائیں۔
- کہانی میں سے کوئی پانچ ایسے الفاظ لکھیں جن میں مختلف vowel موجود ہوں۔ ان الفاظ کے جملے بھی بنائیں۔ (پوچھا۔ جگایا۔ دیکھنے۔ کھڑی۔ پہلے)۔

# سیشن 8

## پڑھائی

30 منٹ

- ٹیچر بورڈ پر یہ الفاظ لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ بعد میں کچھ الفاظ پر دائرہ بنا دیں جو بچے حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق ان الفاظ کو کوپی میں لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ورزش | اکڑ | جگایا | کروٹ | کھیل |
| رکھ | بیٹھ | ٹہل | خرید | بھاگ |
| گھورا | چلانا | مکا | ٹکرا | بھنگڑا |
| اچک | دھکا | گرا | اٹھایا | ڈھونڈ |
| رونا | ہنسا | لڑنا | پھدک | کھڑے |

15 منٹ

- آخر میں حروف تہجی والی نظم بچوں کے ساتھ پڑھیں یا گائیں۔

# نظم

آؤ بچو! ساز بجائیں
الف سے ے کا گانا گائیں

حرف سے حرف ملاتے جائیں
ہر اک لفظ بناتے جائیں

مد کا جادو دیکھو بھائی
اس نے الف کی تان بڑھائی

ب سے گ تک ساری شکلیں
جیسے کشتی ہو پانی میں

ط ہے ٹ کی کشتی پر
ک اور گ کے مرکز سر پر

ان حروف کے موٹے پیٹ
بالکل ایسے جیسے سیٹھ

ط اور ظ کے لمبے ہاتھ
م کھڑا اک ٹانگ کے ساتھ

نو حروف کی نئی کہانی
ہے نہیں ان کی چھوٹی نشانی

آپس میں یہ ہاتھ نہ پکڑیں
پیچھے ہوں تو دور یہ ٹھہریں

ہ بیچارا روتا جائے
اپنی شکلیں گنتا جائے

یہ جو چشمے والا ہے
اس کا حال نرالا ہے

چھوڑ گئی آواز ہی ساتھ
مل کر بولے دوست کے ساتھ

# ن کا نقطہ

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
مطبع : جے ٹی ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone (021) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk